ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021
99212639

مشتبہ شخص/مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع شہری فوری طور پرمددگار 15کو دیں۔ترجمان سندھ پولیس

کراچی07جولائی2022؛۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے پولیس کو جاری ہدایات میں کہا ہے کہ قربانی کی کھالوں کو اکٹھا کرنے,انکی ترسیل وتقسیم کے حوالے سے محکمہ داخلہ حکومت سندھ کی ہدایات/ضابطہ اخلاق پراسکی روح کے مطابق عمل درآمد کو انتہائی ٹھوس اور غیرجانبدارانہ بنایا جائے۔علاوہ ازیں مساجد,امام بارگاہوں،عیدگاہوں ودیگرکھلےمقامات سمیت اجتماعی قربانی کے مختلف مقامات پر بھی سیکیورٹی کے فول پروف اقدامات کیئے جائیں تاکہ جرائم کی روک تھام اور عوام کے جان ومال کی سلامتی کے مجموعی امورکو یقینی بنایاجاسکے۔

انہوں نے کہا کہ صوبے میں قابل اعتراض،دل آزار,شرپسندانہ وال چاکنگ,لٹریچرز, پمفلٹس کی تقسیم کی روک تھام اور اس فعل میں ملوث عناصر/شرپسندوں کے خلاف بلاتفریق کاروائیوں کو یقینی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات جاری کیں کہ صوبائی سطح پر تمام مرکزی مساجد/ امام بارگاہوں و دیگر کھلے مقامات کی نماز عید سے قبل سوئپنگ اور کلیئرنس کے عمل کے علاوہ ضلعی وائرلیس کنٹرول رومز پر متعلقہ ایس ایچ اوز نماز عید کے آغاز تا اختتام کی تفصیلات بھی نوٹ کرائیں گے۔علاوہ اذیں متعلقہ تھانہ حدود/ علاقوں میں رینڈم اسنیپ چیکنگ،پکٹنگ پیٹرولنگ،ریکی،کڑی نگاہ رکھنے اور دیگر ضروری سیکیورٹی اقدامات اختیار کرتے ہوئے قیام امن کی صورتحال پر مکمل پولیس کنٹرول کے ضمن میں تمام تر کاوشوں کو یقینی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے تمام ضلعی ایس ایس پیز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ عید کے تینوں دنوں میں متعلقہ علاقوں میں پولیس ڈپلائمنٹ کے تمام تر ویلفیئر اقدامات کو یقینی بنایا جائے جبکہ پولیس کو اس امر کا بھی پابند بنایا جائے کہ وہ اپنے ڈیوٹی پوائنٹس ہر گز خالی نہیں چھوڑیں گے اور اس ضمن میں متعلقہ سپروائزری افسران وقتاً فوقتاً ڈپلائمنٹ پوائنٹس پر چیک بھی رکھیں گے۔جسکا مقصد عید کے تینوں دنوں اور بعد کے دنوں میں سیکیورٹی کے مجموعی امور کو فول پروف بنانا ہے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ سیکیورٹی فرائض میں کسی بھی قسم کی غفلت و کوتاہی ناقابل برداشت ہوگی اور مرتکب ٹھرائے جانیوالے افسران اور جوانوں کو سخت انضباطی کاروائی کا سامنا کرنا پڑیگا۔

ترجمان سندھ پولیس نے عوام سے کہا ہے کہ کسی بھی علاقہ/مقام پر مشکوک سرگرمی مشتبہ گاڑی,پیکٹ,بیگ پارسل,تھیلا,بریف کیس وغیرہ دکھائی دینے پرفوری اطلاع مددگار 15 کال سینٹر ,ایس ایس پیز دفاتر ,قریبی تھانہ جات ,گشت پکٹنگ پر مامور افسران وجوانوں کو دیں۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛